مرکزی مجلس شوریٰ کا مدنی مشورہ
اور اس کے مدنی پھول

(September 2014)

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰهِ رَبِّ الۡعٰلَمِيۡنَ وَ الصَّلٰوةُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَيِّدِ الۡمُرۡسَلِيۡنَ

اَمَّا بَعۡدُ فَاَعُوۡذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيۡطٰنِ الرَّجِيۡمِ ط بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ ط

دُرُود شریف کی فضیلت

شیخِ طریقت، امیرِ اہلسنّت، بانیِ دعوتِ اسلامی، حضرتِ علامہ مولانا ابو بلال **محمد الیاس عطّاؔر قادری** رضوی ضیائی دَامَتۡ بَرَکَاتُہُمُ الۡعَالِیَہ اپنی مایہ ناز تصنیف **''فیضانِ سنّت''** کے چھٹے باب **''نیکی کی دعوت''** (حصہ اوّل) میں لکھتے ہیں:

حضرتِ سیِّدُنا ابُو الۡمُواہِب شاذِلی علیہ رحمۃ اللہ القوی فرماتے ہیں: جنابِ رسالت مآب صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم نے مجھے خواب میں اپنے دیدارِ فیض آثار سے مُشرَّف کیا اور فرمایا: ''تم بروزِ قِیامت میرے **ایک لاکھ اُمّتیوں کی شَفاعت** کرو گے۔'' میں نے عَرض کی: اے میرے آقا صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم **!** **مجھ** پر اِس قدر اِنعام واِکرام کیسے ہوا؟ ارشاد فرمایا: اِس لیے کہ تم مجھ پر **دُرُود کا ہدِیّہ** پیش کرتے رہتے ہو۔

(الطبقاتُ الکُبریٰ لِلشَّعرانی، الجزءُ الثّانی، ص ۱۰۱)

صَلُّوا عَلَی الۡحَبِیۡب ! صَلَّی اللّٰهُ تَعَالٰی عَلٰی مُحَمَّد

مَدَنی مشورہ مرکزی مجلسِ شوریٰ

۸ تا ۱۱ ذِیقَعۡدَۃِ الۡحَرام ۱۴۳۵ھ	فیضانِ مدینہ بابُ المدینہ (کراچی)	4 تا 7 ستمبر 2014ء

شَرعی رہنمائی لیجئے

دعوتِ اسلامی کے اِشاعَتی ادارے مکتبۃُ المدینہ کے مطبوعہ ترجمے والے پاکیزہ قراٰن **''کنز الایمان مع تفسیر خزائن العرفان''** صَفحہ 507 پر پارہ 14 سورۃُ النَّحل آیت نمبر 43 میں **اللہ** عَزَّوَجَلَّ ارشاد فرماتا ہے:

فَسۡـَٔلُوۡۤا اَہۡلَ الذِّکۡرِ اِنۡ کُنۡتُمۡ لَا تَعۡلَمُوۡنَ ﴿۴۳﴾ ترجمۂ کنز الایمان: تو اے لوگو! عِلم والوں سے پوچھو اگر تمہیں عِلم نہیں۔ **(پ ۱۴، النحل: ۴۳)**

کیونکہ ناواقف کو اِس سے چارہ ہی نہیں کہ واقِف سے دَرۡیافۡت (دَر۔یاف۔ت) کرے اور مرضِ جَہل کا عِلاج یہی ہے

کہ عالم سے سُوال کرے اور اُس کے حکم پر عامل ہو۔ (خزائنُ العرفان، ص۶۰۲) حدیث شریف میں ہے: بیماریِ جَہل کی شِفاء عُلَماء سے دَریافت کرنا ہے۔ (خزائن العرفان، ص ۵۰۷) بہارِ شریعت جلد 3 صَفْحَہ 1059 پر اِس آیتِ کریمہ کے تحت ہے: اِس سے معلوم ہوا کہ ایک طبقہ مِلّت کا ایسا ہوگا جسے علمِ دین پر عُبور حاصل نہ ہوگا اور ایک طبقہ ایسا ہوگا جو صاحبِ علم وفضل ہوگا اور اسے علمِ دین میں بصیرت حاصل ہوگی چونکہ ہر مسلمان کے لئے وہی راستہ اِختیار کرنا ضروری ہے جو اللہ تعالیٰ اور اُس کے رسول علیہ الصلوٰۃ والسلام کا پسندیدہ راستہ ہے اس لئے ہر شخص کو اپنا ہر عمل اسلام کے احکام کے مطابق رکھنا چاہیے اور اگر کسی کو کسی مُعامَلہ میں شریعت کا حکم معلوم نہیں ہے تو اسے اہلِ علم کی طرف رُجوع کرنا چاہئے اور اِن سے سوال کر کے حکمِ شَرعی معلوم کرنا چاہئے اِسی اُصول کے مُطابِق زمانۂ صحابۂ کرام رِضوانُ اللّٰہِ عَلَیۡہِمۡ اَجۡمَعِیۡن سے آج تک مُسلمانوں کا یہی طریقہ رہا ہے کہ اگر اِنہیں کسی چیز کے جواز یا عدمِ جواز کا علم نہیں ہے تو اُنہوں نے بِلا تأمُّل (بے سوچے سمجھے، غور کیے بغیر) اہلِ علم سے اِس کا حکمِ شَرعی معلوم کرلیا ہے ہر زمانہ میں لوگ علمائے شریعت کی طرف مسائلِ شرعِیَّہ کا علم حاصل کرنے کے لئے رُجوع کرتے رہے ہیں یہاں تک کہ دارُ الاِفتاء کا قیام عمل میں آیا اور اب وہ یہ خدمت انجام دے رہے ہیں۔

(بہارِ شریعت، ۳/ ۱۰۵۹ حصہ ۱۹ مطبوعہ مکتبۃ المدینہ)

شَرعی رہنمائی

۞ دعوتِ اسلامی والوں کا ہر کام عین **شریعت کے مُطابق** ہونا لازمی ہے ۞ جن خرابیوں کا دُور کرنا ہم پر **واجِب** ہے اُن کو اَوَّلِیَّت دی جائے ۞ وَقف اَملاک کی حفاظت اور ان کو غیر شَرعی اَفعال سے بچانے کے لیے ذِمّہ داران کے **تربیتی اِجتماعات** کئے جائیں، مسائل سے آگاہ کیا جائے۔ ایسے اِجتماعات کرنا مِنۡ وَجہ واجِبِ کِفایہ (یعنی ایک لحاظ سے واجب کفایہ ہے کہ کچھ ادا کریں تو سب کی طرف سے ادا ہو جائے) ہے ۞ اراکینِ شُوریٰ اور دیگر ذِمّہ داران اپنے مدنی مشوروں میں اسلامی بھائیوں سے پوچھیں کہ

(۱) آپ نے اپنی تنظیمی ذِمہ داری کے لحاظ سے اِفتاء مکتب (دعوتِ اسلامی) (بابُ المدینہ، بلوچستان اور باب الاسلام کے

ذِمہ داران، اِفتاء مکتب باب المدینہ ifta@dawateislami.net اور پنجاب، کشمیر، خیبر پختونخواہ، گلگت بلتستان کے ذِمہ داران، اِفتاء مکتب مرکز الاولیاء لاہور ifta2@dawateislami.net پر بذریعہ میل رابطہ فرمائیں) سے کتنی مرتبہ مَدَنی (تنظیمی) کاموں کے بارے میں رَہنُمائی لی؟ (۲) اِجارے کا مسئلہ تھا تو مجلسِ اِجارہ سے رابطہ کیا؟

رابطہ نمبرز

0300-0220113 0300-0220112

0300-0220115 0300-0220114

(۳) مالیات یا اَثاثہ جات کا کوئی معاملہ تھا تو مجلسِ مالیات/مجلس اثاثہ جات سے رُجوع کیا؟ وغیرہ، شرعی رہنمائی لینے والوں کی حوصلہ اَفزائی اور نہ لینے والوں کا بھرپور ذِہن بنایا جائے۔

۞......اسلامی بہنوں کی عالمی مجلسِ مُشاورت، اپنے تمام مدنی (تنظیمی) کاموں کے بارے میں اِفتاء مکتب سے شرعی رہنمائی **متعلقہ رکنِ شوریٰ** ابو ماجد محمد شاہد عطاری المدنی کے ذریعے ہی حاصل کریں۔ (اسی طرح دیگر مدنی کاموں (مختلف شعبہ جات) کی شرعی رہنمائی لینے اور اُس کے نفاذ کے لئے متعلقہ رکنِ شوریٰ کی مشاورت ضروری ہے)

ثابِت قدم رہیے

۞......جب باہم مشورے سے کوئی بات طے کی جائے تو پھر حتی المقدور اِس کام کو اس کے تقاضوں کے مطابق کرنے کی **کوشش** کی جائے۔ اللہ عزوجل پارہ 4 سورۃ اٰلِ عمران آیت نمبر 159 میں ارشاد فرماتا ہے:

وَشَاوِرْهُمْ فِي الْأَمْرِ ۚ فَإِذَا عَزَمْتَ فَتَوَكَّلْ عَلَى اللَّهِ ۚ إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ الْمُتَوَكِّلِينَ ۝ (پ۴، ال عمران:۱۵۹)

ترجمۂ کنز الایمان: اور کاموں میں ان سے مشورہ لو، اور جو کسی بات کا ارادہ پکا کرلو تو اللہ پر بھروسہ کرو، بے شک توکل والے اللہ کو پیارے ہیں۔

۞ **فرمانِ مصطفٰے** صلی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہ وسلّم: إِذَا أَرَدْتَّ أَمْراً فَعَلَيْكَ بِالتُّؤَدَةِ حَتّٰى يَجْعَلَ اللّٰهُ لَكَ فَرَجاً وَّمَخْرَجاً یعنی جب تم کسی کام کا اِرادہ کرو (اور وہ تم پر شاق ہو) تو تم پر تاخیر لازِم ہے حتّٰی کہ اللہ عزوجل تمہارے لئے کُشادگی

کرے اور راستہ کھول دے۔(الزھد لابن المبارک،باب التخصیص علی طاعۃ اللہ، ص ۱۴، حدیث: ۴۱) مطلب یہ ہے کہ جب کبھی کوئی ایسے کام کا ارادہ کرلیا جو اِنتہائی مشکل ہو تو پھر بھی تم اس پر ڈَٹے (ثابت قدم) رہو یہاں تک کہ اللہ عزّوَجَلّ تمہارے لئے آسانی فرمادے۔(فیض القدیر،۱/۳۴۹، تحت الحدیث:۴۱۷)

❁ **فرمانِ مصطفٰے** صلَّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلَّم :اِذَا اَرَدْتَ اَمْرًا فَتَدَبَّرْ عَاقِبَتَہ فَاِنْ کَانَ رُشْدًا فَامْضِہٖ یعنی جب تم کسی کام کا ارادہ کرو تو اس کے اَنجام کے بارے میں سوچو، اگر وہ اچھا ہے تو اس پر ڈَٹ جاؤ۔

(کنز العمال، ۲/۱۰۱، حدیث :۵۶۷۳،الجز۳)

اللہ تعالٰی کی رِضا

❁ ہر کام اللہ عزّوَجَلّ کی رِضا کے لیے ہی کیا جائے ❁ نُمایاں شخص ہر لحاظ سے آزمائش میں ہے ❁ ظاہری و باطنی علم سے جَہالت کی وجہ سے بھی بہت سے گُناہ ہوتے ہیں ❁ وہ عِبادت جو لوگوں کے قریب لیکن اللہ عزّوَجَلّ سے دُور کردے وہ باعثِ ہلاکت ہے ❁ ہر عملِ نیک میں اِخلاص، بنیادی اور لازِمی ہے ❁ ہر چیز میں اِعتدال ہونا چاہیے، غُلُو (بہت زیادہ مُبالَغہ) سے بچیں، رحمتِ الٰہی سے مایوس بھی نہ ہوں اور خوفِ خُدا سے عارِی ہوکر بے باک بھی نہ ہوں۔

عِمرانی کابینات (گِلگت بلِتستان) کی ترکیب

﴿1﴾ پاکستان کے شمالی صوبے **گِلگِت بَلِتِسْتَان** (Gilgit Baltistan) کے مدنی کام کو مضبوط کرنے کے لیے رکنِ شوریٰ محمد بغداد رضا عطاری کو اس کا ذمّہ دار (نگرانِ کابینات) بنایا گیا۔ تنظیمی طور پر اس صوبے کا نام "**عمرانی کابینات**" رکھا گیا۔

﴿2﴾ مجلس مدنی قافلہ، ماہانہ **ایک ایک ماہ کے 3 مدنی قافلے** عمرانی کابینات میں بھیجے گی ،جس میں سے ایک مدنی قافلہ بابُ المدینہ کراچی کا ہوگا۔اِنْ شَآءَاللہ عزّوَجَلّ

﴿3﴾ مجلسِ رابطہ، **عطاری کوٹ** (گوری کوٹ ضلع اَستور، گلگت) کے **مدنی مرکز فیضانِ مدینہ** کے معاملات کو جلد حل کرے، اس کے لیے مجلسِ اَثاثہ جات (مدینۃُ الاولیاء ملتان) کے ذمہ دار وہاں مستقل رہیں گے۔

﴿4﴾ ذِمّہ داران بالخصوص (گوری کوٹ ضلع اَستور، گلگت) کے **عُلَماء و مشائخ اور اَحبابِ اہلسنّت** سے بھی ملاقات کریں۔

﴿5﴾ بالخصوص ''مدنی تربیتی کورس'' اور ''اِمامت کورس'' کی مسلسل ترکیب کی جائے تاکہ درس، مدرسۃ المدینہ بالغان کی بنیادیں پڑیں اور مدنی کام مضبوطی سے آگے بڑھ سکے۔ (**کورسز کے آغاز کا ہدف:** یکم دسمبر 2014ء)

﴿6﴾ **مدرسۃ المدینہ بالغان** کی ترکیب مضبوط کی جائے۔

﴿7﴾ رُکنِ شوریٰ **محمد بغداد رضا عطاری** اِسی ماہ (ذیقعدۃ الحرام ۱۴۳۵ھ /ستمبر 2014ء) وہاں جائیں گے۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ

﴿8﴾ پاکستان بھر میں جہاں کہیں **خیبر پختونخواہ، کشمیر اور گلگت** کے رہنے والے دعوتِ اسلامی کے مدنی ماحول سے منسلک ہیں، نگرانِ کابینہ اور دیگر ذمہ داران، اِن کا ذہن بنا کر ان صوبوں میں مدنی کاموں کو مضبوط کرنے کے لیے بھیجیں۔

مَدَنی مشورے کی کامیابی کے مدنی پھول

﴿9﴾ اگر مدنی مشوروں کا **پیشگی جدول** بنا کر **پیشگی اِطلاع** کی جائے تو زیادہ فوائد حاصل ہونے کی اُمید ہے۔

﴿10﴾ کابینہ یا کسی بھی شعبے کے مدنی مشورے کے لیے کارکردگی ذِمہ دار یا کسی احساسِ ذِمہ داری رکھنے والے اسلامی بھائی کے ذریعے اوّلاً مدنی مشورے کی اِطلاع، پھر ایک آدھ دن پہلے **یاد دِہانی** (Reminder) کی ترکیب کی جائے، اگر **نگرانِ کابینہ/نگرانِ مجلس** یہ کام خود کریں تو مدینہ مدینہ۔۔۔

﴿11﴾ مدنی مشورہ لینے والے اور شرکاء کو چاہئے کہ مدنی مشورے میں حاضری میں **وقت کی پابندی** کا خاص خیال رکھیں۔

﴿12﴾ مدنی مشورے کے طے شدہ وقت سے اگر پہلے پہنچیں گے تو طبعی حاجات وغیرہ سے فارغ ہو کر مدنی مشورے میں **شرکت دِل جمعی کے ساتھ** ہونے کی اُمید ہے۔

﴿13﴾ اگر مدنی مشورہ فجر کی نماز کے بعد ہونا ہو تو مدنی مشورے کے مقام پر **باجماعت نمازِ عشاء** پڑھیں اور وقتِ مناسب پر سو جائیں تاکہ صبح مدنی مشورے میں شرکت **نشاط** کے عالم میں ہو ورنہ نیند کے جھونکے آپ کو توجہ نہیں کرنے دیں گے اور دیگر شرکاء کی توجہ بٹنے کا سبب اور مدنی مشورہ لینے والے کی کوفت کا باعث بھی ہوں گے۔

﴿14﴾ مدنی مشورے کے دوران **موبائل/ ٹیبلٹ پی سی** (Tablet P.C) پر مصروف رہنا آپ کے لئے، آپ کے شعبہ / کابینہ وڈویژن وغیرہ کے لئے نقصان **یا نفع میں کمی** کا باعث ہوسکتا ہے، لہٰذا دورانِ مدنی مشورہ موبائل فون آف

(Off)یا سائلینٹ (Silent) پر رکھیں، کھانے کے وقفے کے دوران یا اِختتامِ مدنی مشورہ پر آپ ضرور مِسڈ کالز (Missed Calles)وغیرہ دیکھیں تا کہ ضرورتاً فوری رابطہ کرسکیں۔

﴿15﴾ مدنی مشورے کی **پیشگی تیاری** مثلاً اپنے شعبہ / کابینہ / ڈویژن وغیرہ کے مدنی پھول، کارکردگی، پیشگی جدول وکارکردگی جدول وغیرہ کی فائل اپ ڈیٹ (Update) ہونی چاہئے تا کہ نگران کے طلب کرنے پر آپ پیش کرسکیں نیز پیش آنے والے مسائل اورتجاویز اگر پیش کرنا چاہئیں تو اس کو بھی پہلے سے ہی ضبطِ تحریر میں لائیں یا مدنی مشورہ لینے والے کو پیشگی ای میل (E-Mail) کردیں۔

﴿16﴾ مدنی مشورہ لینے والے ذمہ دار کو بھی **احساسِ ذمہ داری** کا مظاہرہ کرتے ہوئے اُن تمام باتوں کا خیال رکھنا چاہئے جس کا یہ مدنی مشورے میں شرکت کرنے والوں کو پابند دیکھنا چاہتے ہیں۔ مثلاً **وقت** کی پابندی، پیشگی تیاری، مدنی پھول وکارکردگیوں کا ہونا، مدنی پھول وکارکردگیوں کا پیشگی جائزہ، کمزور کارکردگی، کمزور جدول کی نشاندہی، جس شعبہ کا مدنی مشورہ ہورہا ہے، اُس کے **متعلق** امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کے ارشادات (آڈیو، ویڈیو یا تحریری)، مرکزی مجلسِ شوریٰ کے مدنی پھول وغیرہ کا پیشگی مطالعہ اور موقع پر اُس کا بیان کرنا وغیرہ۔

﴿17﴾ مدنی مشوروں میں بھی **اِشراق وچاشت** کا **وقت** ہوجائے تو ان کی ادائیگی کیجئے۔

﴿18﴾ ذمّہ داران کی دل کھول کر **حوصلہ افزائی** کریں اور دونوں ہاتھوں سے **تھپکی** دیں۔

﴿19﴾ جہاں **دُرُست تبدیلی** کی جائے گی، وہاں مدنی کاموں میں بہتری آئے گی۔ اِنْ شَآءَاللّٰہ عَزَّوَجَلَّ

﴿20﴾ جن ذِمہ داران کی پاکستان سطح پر ذمّہ داری ہے ان کو مضبوط بلکہ **مضبوط ترین** ہونا چاہئے۔

﴿21﴾ جب بھی نگرانِ پاکستان اِنتظامی کابینہ کسی شعبے کا مدنی مشورہ کریں تو پاکستان شعبہ ذمّہ دار نگرانِ مجلس (پاکستان) خود اِس مدنی مشورے کی اِطلاع تمام نگرانِ کابینات کو کرکے متعلقہ ذمّہ داران کی شرکت کو یقینی بنانے کی درخواست کرے۔ اراکینِ شوریٰ بھی ذِمّہ داران سے پاکستان سطح پر ہونے والے مدنی مشوروں میں بھرپور تیاری (شعبہ کے حوالے سے شرعی سوالات (پیشگی ای میل کریں)، انفرادی کارکردگی، جدول، شعبے کی کارکردگی، سابقہ مدنی مشورے کے طے شدہ اہداف کا جائزہ، شعبے کے مدنی پھولوں کا مطالعہ ونفاذ کی کارکردگی، ذِمہ داران کے تقرر کا تحریری ریکارڈ) کے ساتھ شرکت کی ترغیب دِلائیں اور مدنی مشورے میں پہنچنے تک مکمل پوچھ گچھ (FollowUp) بھی کریں۔

مَدَنی عَطیات بکس(Box)

﴾22﴿ تمام ذِمّہ داران، **مدنی عطیات بکس** پر بھرپور توجہ دیں اور اس شعبے کو مضبوط کریں۔ **مجلس مدنی عَطیات بکس** کی ذِمہ داری رُکنِ شوریٰ **حاجی محمد فاروق جیلانی عطاری** کو دی گئی۔

﴾23﴿ اِسلامی بہنوں کے ہفتہ وار اجتماع، **مدنی مراکز** (فیضانِ مدینہ)، **مدارس المدینہ، جامعات المدینہ اور دارُالمدینہ** میں مدنی عطیات بکس رکھوانے کے لئے حاجی فاروق جیلانی عطاری متعلقہ شعبہ جات کے پاکستان سطح کے ذمہ داران اوراراکینِ شوریٰ سے رابطہ کریں۔ **ہدف:15 دن**

﴾24﴿ ہر مدنی مرکز (فیضانِ مدینہ)، مدرسۃُ المدینہ، جامعۃُ المدینہ اوردارالمدینہ کے **باہری دروازے** (مین گیٹ) پر مضبوط مدنی عطیات بکس کی ترکیب بھی بنائی جائے۔

﴾25﴿ اراکینِ شوریٰ اورنگرانِ کابینات ہر ماہ باقاعدگی سے مدنی عطیات بکس کے **کابینہ وکابینات ذِمہ داران** کا مدنی مشورہ ومدنی تربیت کریں نیز جب بھی کسی شہر کا جدول بنائیں تو وہاں کے تمام مدنی عطیات بکس کے ذمہ داران کا مدنی مشورہ ومدنی تربیت اور نمایاں کارکردگی والوں کی حوصلہ افزائی کریں۔

﴾26﴿ رکنِ شوریٰ حاجی سیّدمحمد ابراہیم عطاری، چند ذمہ دار اسلامی بھائیوں کے ساتھ کسی دکاندار کے پاس جاکر مدنی عطیات بکس رکھنے کی ترغیب دلائیں۔ اس کی **ریکارڈِنگ** کریں، مدنی چینل پر چلانے کے علاوہ بالخصوص اِس شعبے کے ذمّہ داران کے مدنی مشوروں میں دِکھانے کی ترکیب بنائی جائے تاکہ تربیت وترغیب ہو۔

﴾27﴿ مجلس ذرائع آمدورفت (ٹرانسپورٹرز) کے ذِمہ داران، مختلف اڈّوں پر جاکر مالکان کو **''صدقے کے فضائل''** بیان کرکے مدنی عطیات بکس رکھنے کی ترغیب دلائیں۔

﴾28﴿ نگرانِ کابینہ مختلف شہروں (ڈویژنوں) کا جدول بنا کران دُکانداروں کو جمع کرکے مدنی مشورہ، خیرخواہی اورحوصلہ افزائی کریں جن کی دکانوں میں مدنی عطیات بکس رکھنے کی ترکیب ہے۔ اِنہیں بکس میں مدنی عطیات ڈالنے اورگاہکوں کواس کی ترغیب دلانے کا بھی ذہن دیں نیز عملی طور پر دعوتِ اسلامی کے **مدنی کاموں میں شمولیّت** کی دعوت بھی دیں۔

(29) اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ، کابینہ سطح پر ان دکانداروں کا سُنّتوں بھرا اجتماع ہوگا، جس میں بذریعہ مدنی چینل **نگرانِ شوریٰ** بیان فرمائیں گے۔

(30) مجلسِ تاجران، مختلف مارکیٹوں، غلہ منڈیوں اور قربانی کے ایّام میں **گائے، بکرا منڈیوں** میں مدنی عطیات بکس رکھوانے کی ترکیب بنائے۔

(31) مجلسِ مدنی عطیات بکس، بکس کی حفاظت کے **مدنی پھول** بنا کر ان کے نفاذ کی ترکیب بنائے۔

(32) اسلامی بہنیں، مدنی عطیات بکس کی ماہانہ کارکردگی، **متعلقہ رکنِ شوریٰ** کو میل کیا کریں۔

(33) **مدرسۃُ المدینہ باب المدینہ** (کراچی) کے معاملات کے لیے اراکینِ شوریٰ حاجی محمد عقیل عطاری المدنی اور حاجی محمد امین عطاری کا مشورہ ہوگا۔ **ہدف: 7 دن**

خود کفالت

(34) دعوتِ اسلامی کے تمام شعبوں بالخصوص مدرسۃُ المدینہ، جامعۃُ المدینہ، دارُالمدینہ اور مدرسۃُ المدینہ آن لائن کو **خود کفیل** کرنے کی کوشش کی جائے، اس کے لیے وقتاً فوقتاً اراکینِ شوریٰ و نگران کابینات ان شعبوں کے ناظمین و مجالس کا مدنی مشورہ کرتے رہیں۔

(35) جہاں ضرورت ہو، متعلقہ نگرانِ مجلس (پاکستان) اور متعلقہ رکنِ شوریٰ کی مشاورت و اِجازت سے وہاں خود کفالت کے لیے **باصلاحیّت اجیر** بھی رکھا جاسکتا ہے۔

مَجلسِ عُشر و اطراف گاؤں

(36) مجلسِ عُشر واطراف گاؤں کو مضبوط کریں، اراکینِ شوریٰ و نگرانِ کابینات ان کے تمام ذمہ داران کا **ماہانہ یا 2 ماہ** میں ایک مدنی مشورہ ضرور کریں، جس میں اخلاقی و تنظیمی تربیت، کارکردَگی کا جائزہ، اچھی کارکردَگی پر حوصلہ اَفزائی اور کمزوری پر تفہیم، مسائل کے حل جیسے مدنی پھول ہوں۔ (تفصیلی معلومات کے لیے ''''صَدقہ مجھے سرکار نواسوں کا عطا ہو'' کے 26 حروف کی نسبت سے **مجلسِ عُشر واطراف گاؤں کے 26 مَدَنی پھول**'' کا مطالعہ کیجئے)

﴿37﴾ پاکستان، دُنیا کا **آٹھواں بڑا زرعی ملک** ہے۔

درج ذیل فصلوں میں پاکستان کا دنیا بھر میں کیا نمبر ہے، مُلاحظہ کیجئے!

❁ مصری چنا Chickpea (3rd) ❁ خوبانی Apricot (6th) ❁ روئی، کپاس Cotton (4th) ❁ دودھ Milk (5th) ❁ کھجور Date Palm (5th) ❁ گنا Sugarcane (5th) ❁ پیاز Onion (7th) ❁ کنو، نارنگی، سنگترہ Kinnow, mandarin oranges, clementine (6th) ❁ آم Mango (4th) ❁ گندم Wheat (7th) ❁ چاول Rice (14th)

﴿38﴾ مجلسِ عُشر واطراف گاؤں کے تحت **ماہی گیری** (Fishery) کا شعبہ بھی ہے، مجلس کے ذِمہ داران ماہی گیروں سے رابطہ کریں، ''**صدقے کے فضائل**'' بیان کر کے حسبِ استطاعت دعوتِ اسلامی سے تعاوُن کی مدنی اِلتجا کریں۔

﴿39﴾ نگرانِ کابینہ مختلف شہروں (ڈویژنوں) کا جَدول بنا کر مجلسِ عُشر واطراف گاؤں کے ذریعے **کسان اجتماعات** میں بیانات کریں اور دعوتِ اسلامی کی خدمات سے آگاہ کر کے مزید تعاوُن کا ذہن دیں، نیز عملی طور پر دعوتِ اسلامی کے مدنی کاموں میں شمولیّت کی ترغیب دلائیں۔ اراکینِ شوریٰ ونگرانِ کابینات اس کے بارے میں پوچھ گچھ (FollowUp) کرتے رہیں۔

﴿40﴾ مدرسۃُ المدینہ اور جامعۃُ المدینہ کے **طلبہ، اساتذہ اور ناظمین**، مجلسِ عشر واطراف گاؤں کے ساتھ بھرپور تعاوُن کریں مگر پڑھائی کا جدول متاثر نہ ہو۔

﴿41﴾ متعلقہ رکنِ شوریٰ، مجلسِ عُشر واطراف گاؤں، اس شعبے سے متعلق تمام **تنظیمی معاملات** اِفتاء مکتب میں پیش کر کے شَرعی رہنمائی لیں۔

قُربانی کی کھالیں اور اِجتماعی قُربانی

﴿42﴾ مجلسِ مالیات کے شعبے ''**چرم ہائے قربانی**'' کے تحت اس مرتبہ (ذُوالْحِجَّة الْحرام ۱۴۳۵ھ میں) پاکستان بھر میں **106 مقامات** پر ''چرم ہائے قربانی'' کے گودام کی ترکیب ہے، اس میں کام کرنے والے اسلامی بھائیوں کی تربیت کے لیے **نصاب اور DVD** تیار کی گئی ہے۔ اس میں کام کرنے والے تمام اسلامی بھائیوں کے **ذُوالْحِجّۃ تک تربیتی اجتماع**

ہوں گے۔اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ جس میں تربیتی نصاب کے مطابق تربیت کی جائے گی اور DVD دکھائی جائے گی۔

﴿43﴾ **اجتماعی قربانی** وہیں کی جائے گی، جہاں پر مجلسِ اجتماعی قربانی کے نگران (حاجی محمد اسلم عطاری باب المدینہ/محمد مزمّل عطاری، نارووال) کا اطمینان ہوگا۔

﴿44﴾ جہاں اجتماعی قربانی ہو وہاں ''**اجتماعی قربانی**'' کی **مجلس** بنائی جائے، اس میں کم از کم 3 رکن ہوں، ضرورتاً بڑھائے بھی جاسکتے ہیں، مجلسِ مالیات شہر سطح کے اسلامی بھائی اس مجلس کے نگران ہوں گے۔ان پر کھالیں اُٹھانے کی ذمہ داری نہ ہو، اس مجلس میں ''مدنی اسلامی بھائی'' بھی ہوں تو مدینہ مدینہ۔ پچھلے سال کی طرح ان کے تربیتی اجتماعات ہوں گے، جن میں دارالافتاء اہلسنّت کے مدنی علماء، مدنی تربیت فرمائیں گے۔اجتماع کے اختتام پر امتحان (ٹیسٹ) لیا جائے اور کامیاب ہونے والوں کو ہی اجتماعی قربانی کی اجازت دی جائے گی۔ (مدنی التجاء ہے کہ مدنی اسلامی بھائی کو مجلس میں لازمی شامل کریں اور اگر ممکن ہو تو نگران بھی وہی ہوں)

جدول تربیتی اجتماع برائے اجتماعی قربانی و چرم ہائے قربانی ۱۴۳۵ھ

#	کابینات	تاریخ	مقام	دارالافتاء اہلسنّت کے مدنی علماءِ کرام	وقت تربیت
1	عطاری (بابُ المدینہ)، اصحابی	۱۸ ذوالقعدہ 14/09/2014	عالمی مدنی مرکز، فیضانِ مدینہ بابُ المدینہ (کراچی)	مفتی محمد فضیل عطاری مدظلہ العالی/ محمد سجاد عطاری المدنی	صبح 10:00 01:00
2	جنیدی	۲۳ ذوالقعدہ 19/09/2014	فیضانِ مدینہ سکھر	مفتی علی اصغر عطاری مدظلہ العالی	نمازِ جمعہ تا مغرب
3	امجدی	//	فیضانِ مدینہ زم زم نگر (حیدرآباد)	محمد نوید عطاری المدنی	//
4	سیرانی	۱۸ ذوالقعدہ 14/09/2014	فیضانِ مدینہ خانپور	//	ظہر تا مغرب
5	سہروردی	//	فیضانِ مدینہ مدینۃ الاولیاء ملتان	محمد حسان عطاری المدنی	//
6	چشتی	//	فیضانِ مدینہ سردار آباد	محمد عرفان عطاری المدنی	//

7	غزالی	۲۰ ذوالقعدہ 16/09/2014	فیضانِ مدینہ گلزارِطیبہ (سرگودھا)	//	//
8	ہجویری	۱۸ ذوالقعدہ 14/09/2014	فیضانِ مدینہ جوہرٹاؤن مرکزالاولیاء (لاہور)	مفتی محمد ہاشم عطاری المدنی مدظلہ العالی	//
9	صدیقی	۱۶ ذوالقعدہ 12/09/2014	فیضانِ مدینہ شیخوپورہ موڑ، گوجرانوالہ	//	نمازِ جمعہ تا مغرب
10	مہروی، محمدی (کشمیر)	۱۸ ذوالقعدہ 14/09/2014	فیضانِ مدینہ G-11 مرکز، اسلام آباد	محمد نوید چشتی المدنی	ظہر تا مغرب
11	جیلانی (خیبر پختونخواہ)	۲۳ ذوالقعدہ 19/09/2014	فیضانِ مدینہ پشاور	//	نمازِ جمعہ تا مغرب

﴿45﴾ اجتماعی قربانی کے لیے رقم کی وصولی، گائے کی خریداری، قربانی، گوشت کی تقسیم وغیرہ یہ سب کام کابینہ میں **مجلسِ مالیات** کے کابینہ ذِمہ دار کے زیرِ نگرانی ہوں گے۔ پاکستان سطح پر اجتماعی قربانی کی ذِمہ داری، مجلسِ مالیات پاکستان کے نگران حاجی محمد اسلم عطاری (باب المدینہ) اوران کی معاونت کی ذمہ داری محمد مُزمّل عطاری (نارووال) کو دی گئی۔

﴿46﴾ قربانی کی رسید، قربانی کی کھالوں اور اجتماعی قربانی کے بینرز کے نمونے اور قربانی کی کھالیں جمع کرنے کے طریقِ کار پر مشتمل مکتوب بنام **"قربانی کی کھالوں کے 31 مدنی پھول"** پاکستان انتظامی کابینہ مکتب سے میل کیا جاچکا ہے۔ تمام ذِمہ داران جلد تر اس کا مطالعہ فرمالیں۔

مَجلسِ اَثاثہ جات

﴿47﴾ مجلسِ اَثاثہ جات کے بارے میں **شرعی رہنمائی پر مبنی سوالاً جواباً ویڈیو ریکارڈنگ** کی گئی ہے، تمام ذِمہ داران بالخصوص نگرانِ کابینہ، نگرانِ کابینات اوراراکینِ شوریٰ اس لنک (لنک میل کیا جارہا ہے) کے ذریعے اس کو بغور دیکھیں۔ **ہدف: 7 دن**

تحریری کام

﴿48﴾ کوئی بھی مجلس یا شُعبہ تحریری کام کر کے شائع کرنا چاہتا ہے تو متعلقہ رکنِ شوریٰ کی اجازت سے پہلے تحریری کام کرنے والے اسلامی بھائی کی مدنی تربیت، **مجلس المدینۃُ العِلمِیَہ** سے کروائیں، پھر **تحریری کام** کی ذِمہ داری سونپیں۔

آگ سے بچنے کے اقدامات

﴿49﴾ ١٩ ذُوالْحِجَّۃِ الْحَرَام ١٤٣٥ھ، 15 اکتوبر 2014ء بروز بدھ، دن 10:00 بجے، **نگرانِ شوریٰ** کا **سلسلہ "آگ ھی آگ"** بذریعہ مدنی چینل تمام **مدارس المدینہ** (للبنین وللبنات، جزوقتی، رہائشی) اور **جامعات المدینہ** (للبنین وللبنات) میں دِکھایا جائے گا، جس میں تمام طلبہ و طالبات، مدرسین و مدرسات، ناظمین و ناظمات اپنے اپنے جامعہ/ مدرسے میں شرکت کریں گے۔ مجلس **حفاظتی اُمور** کے کابینہ و کابینات ذِمہ داران بھی اس کو دیکھیں، حاجی حافظ اسد عطاری المدنی، نگرانِ مجلس مدنی چینل حاجی عبدالحبیب عطاری سے اس کو چلانے کی ترکیب بنالیں۔

﴿50﴾ مجلسِ حفاظتی امور، شرعی رہنمائی لے کر مدنی مراکز (فیضانِ مدینہ) میں آگ سے بچاؤ کے **حفاظتی انتظامات** کرے، آگ سے بچاؤ کے حکومتی اِداروں کے تعاون سے جامعۃُ المدینہ کے طلبہ اور مجلسِ حفاظتی امور کے اسلامی بھائیوں کی مدنی تربیت کروائیں۔ نگرانِ مجلسِ حفاظتی امور (پاکستان)، آگ سے بچنے کے **مدنی پھول** بنا کر پاکستان انتظامی کابینہ مکتب میں میل کریں۔ **ہدف: 12 دن**

انفرادی کارکردگی

﴿51﴾ **اراکینِ شوریٰ**، ہر مدنی ماہ کے اِختتام پر 5 مدنی کاموں (❁ ہفتہ وار سنّتوں بھرا اجتماع ❁ ہفتہ وار مَدَنی مُذاکرہ ❁ مَدَنی قافلہ ❁ روزانہ فکرِ مدینہ ❁ 2 درسِ فیضانِ سنّت) کی **اِنفرادی کارکردگی**، رُکنِ شوریٰ ابو ماجد محمد شاہد عطاری المدنی کو SMS/E-Mail کریں اور رکنِ شوریٰ، یہ کارکردگی **نگرانِ شوریٰ** کو میل کریں گے۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ

﴿52﴾ اراکینِ شوریٰ، اپنے ماتحت اسلامی بھائیوں (نگران و اراکین کابینہ، نگرانِ کابینات و کابینات ذِمہ داران) سے بھی بِالخُصوص اِن **5 مدنی کاموں** کی **اِنفرادی کارکردگی** لیں۔ پوچھ گچھ (Follow Up) سے نظام مضبوط ہوگا اور کارکردگی بھی بہتر ہوگی۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ

ہفتہ وار سُنّتوں بھرا اِجتماع

﴿53﴾ ہفتہ وار سُنّتوں بھرے اجتماع کو مضبوط کرنے کے لیے **فی ذیلی حلقہ 12** اسلامی بھائیوں کا ہدف ہے، اس ہدف کو پورا کرنے کی بھرپور کوشش کی جائے۔

﴿54﴾ مجلس ہفتہ وار اجتماع کے کابینہ و کابینات ذِمہ داران کی تقرری کے ساتھ ساتھ اِجتماع کی **مجالس کے نگران و اراکین** کا تقرر بھی کیا جائے۔

﴿55﴾ ہفتہ وار اجتماع کے مبلغین کا **12 ہفتے کا پیشگی جدول** بنایا جائے۔

﴿56﴾ ہفتہ وار اجتماع میں **اَلْمَدِیْنَۃُ الْعِلْمِیَہ** کا تیار کردہ **بیان** ہی کیا جائے۔

﴿57﴾ جس مُبلِّغِ دعوتِ اسلامی کا بیان ہو، وہ جمعرات کو عصر کی نماز کے بعد اجتماع والی مسجد/ مدنی مرکز (فیضانِ مدینہ) کے اطراف میں سُنّتوں بھرے **اجتماع کی دعوت** دے اور **رات اعتکاف، بعدِ فجر مدنی حلقہ، اِشراق وچاشت** تک مکمل شرکت کرے۔

﴿58﴾ پاکستان انتظامی کابینہ مکتب سے ہفتہ وار سُنّتوں بھرے اجتماع کا جو بیان میل کیا جاتا ہے، مُبلِّغین کو چاہئے کہ بیان کرنے سے پہلے کم ازکم ایک مرتبہ قدرے بلند آواز سے **بِالْاِسْتِیعَاب** (اوّل تا آخر) اس کا **مطالعہ** کریں اور بیان کرتے وقت اس کا انداز محض دیکھ کر تحریر پڑھنے کا نہ ہو بلکہ بیان کا انداز ہونا چاہئے۔

﴿59﴾ ہفتہ وار سُنّتوں بھرے اجتماع میں بیان کی **اچھی صلاحیّت** رکھنے والے مُبلِّغین کے بیانات کروائیں۔

﴿60﴾ مُبلِّغ اچھا اور باعمل ہوگا تو ہفتہ وار سُنّتوں بھرے اجتماع کے شرکاء میں بھی **اِضافہ** ہوگا۔

﴿61﴾ ہفتہ وار اجتماع میں اطراف گاؤں/ جامعاتِ اہلسنّت سے آنے والے اسلامی بھائیوں کی **سواری** کا انتظام اور **لنگرِ رضویہ** کی بھی ترکیب کی جائے۔

کورسز

﴿62﴾ کمزور علاقوں کے مدنی کاموں کو مضبوط کرنے کے لیے وہاں کے اسلامی بھائیوں کو **63 دن کا مَدَنی تربیتی کورس** مسلسل کروایا جائے۔

﴿63﴾ مجلس مدنی قافلہ کے تمام ذمہ داران (ذیلی تا کابینہ و کابینات سطح) کو **41 دن کا مدنی انعامات و مدنی قافلہ کورس** کروایا جائے اور جو کر چکے ہیں، ان کو **"12 روزہ مدنی کورس"** کروایا جائے۔

﴿64﴾ **مدنی قافلے** ہم سب کی توجہ چاہتے ہیں۔

﴿65﴾ نگرانِ مجلس مدنی انعامات، رکنِ شوریٰ محمد فضیل عطاری اور نگرانِ مجلس مدنی قافلہ رکنِ شوریٰ محمد امین قافلہ عطاری **ذیلی تا کابینات** تمام ذمہ داران کا تقرر کریں، انہیں مضبوط کرنے کے لیے ہر کابینہ میں **26 گھنٹے کے تربیتی اجتماعات** منعقد کریں۔ تربیتی اجتماعات اور ذیلی سطحوں کی تکمیل کا **ہدف: 126 دن**

﴿66﴾ دعوتِ اسلامی کے تمام شعبے **مدنی قافلوں میں سفر** کرنے کرانے کے نظام کو مضبوط کرنے میں اپنا کردار ادا کریں۔

﴿67﴾ ہمیں **نظام** (System) میں رہنا اور نظام بنانا ہے، تھکنا نہیں۔

سُنّی جامعات اور عُلَما و مشائخ

﴿68﴾ رکنِ شوریٰ ابو ماجد محمد شاہد عطاری المدنی نے اراکینِ شوریٰ کو پاکستان بھر کے **اہم علما و مشائخ** کے نام اور ایڈریس پیش کئے، تمام اراکینِ شوریٰ ان سے ایک دو ماہ میں ضرور ملاقات کریں۔

﴿69﴾ تمام **سُنّی جامعات** کے طلبہ کے لیے **مدنی مذاکرہ** ۹، ۱۰ مُحرم الحَرام ۱۴۳۶ھ بمطابق 3، 4 نومبر 2014ء بروز پیر، منگل، عالمی مدنی مرکز فیضانِ مدینہ باب المدینہ کراچی میں ہوگا۔ اس کی تیاری کی ذمہ داری رکنِ شوریٰ حاجی یعفور رضا عطاری کو دی گئی۔

رَمَضان اِعتکاف

﴿70﴾ سن ۱۴۳۶ھ میں پورے ماہ/10 دن کا اعتکاف، جن جن مساجد میں ہوگا، وہاں کے **انتظامات کا جائزہ** ابھی سے لیں، جہاں تعمیرات کی حاجت ہے اسکی ترکیب بنائیے۔ مجلس اِفتاء مکتب سے جن مقامات پر مدنی مذاکرہ ہال بنانے کی اجازت ملے اسکی ترکیب ابھی سے کریں۔ (جائزہ، مجلس اعتکاف اور تعمیرات، مجلسِ تعمیرات، نگرانِ کابینہ کی اجازت سے شرعی رہنمائی لے کر کرے، اوّلاً اس کی تفصیل پاکستان انتظامی کابینہ مکتب میں ای میل کریں۔ **ہدف: 63 دن**)

﴿71﴾ سن ۱۴۳۶ھ میں ملک و بیرون ملک کم و بیش **3 لاکھ 13 ہزار معتکفین** کا ہدف ہے، بالخصوص مجلس اعتکاف ابھی سے اس کی تیاری کرے۔

﴿72﴾ جو اس سال سن ۱۴۳۵ھ میں معتکف ہوئے، ان کو مدنی ماحول سے وابستہ رکھنے کے لیے مجلسِ اعتکاف ملک

بھر میں وقتاً فوقتاً **مدنی مذاکروں** میں اجتماعی شرکت اور مجلس **مدرسۃ المدینہ بالغان**، اِنہیں مدارس میں شرکت کروائے۔

مَجلس بیرونِ مُلک

﴿73﴾ مجلس بیرونِ مُلک طے کرے کہ اسلامی بہنوں کی **عالمی مجلسِ مشاورت** اور دیگر **مبلغات کا** اپنے محارم کے ساتھ کن کن **ممالک میں سفر** کروانا ہے۔ رُکنِ شوریٰ محمد بلال عطاری کو یہ ذمہ داری دی گئی۔ **ہدف: 7 دِن**

﴿74﴾ بیرونِ ملک کے اسلامی بھائی جب اِفتاءِ مکتب سے اپنے **ملک** کے مدنی (تنظیمی) کاموں کے بارے میں شرعی رہنمائی لیں تو **متعلقہ رکنِ شوریٰ** بھی بذریعہ فون ساتھ ہوں۔

﴿75﴾ دارالافتاء اہلسنّت کے اسلامی بھائی، اراکینِ شوریٰ کے ساتھ **مختلف ممالک کا** سفر کریں گے۔ اِنْ شَآءَ اللہ عزَّوَجَلَّ

﴿76﴾ رُکنِ شوریٰ و رکنِ مجلس بیرونِ **ملک** محمد بلال رضا عطاری (پاکستان میں ہونے کی صورت میں) اراکینِ شوریٰ کے **مکتب ذِمہ داران** (جن کی بیرونِ ملک کی ذِمہ داری ہے) کا مدنی مشورہ ہر 2 ماہ میں ایک مرتبہ کریں تاکہ کارکردگی اور جدول کے نظام کو بہتر بنایا جاسکے۔

﴿77﴾ اراکینِ شوریٰ اپنے اپنے ممالک کے ذمہ داران کا ذہن بنائیں کہ آپ اپنے ملک کے لیے **پاکستان میں مدرسۃ المدینہ آن لائن** بنانے کی درخواست مجلس مدرسۃُ المدینہ آن لائن کو دیں، جس میں آپ کے ملک کے مدنی منّوں اور مدنی منّیوں کو داخلہ دینے میں ترجیح دی جائے۔ مدرسۃُ المدینہ آن لائن کے آغاز کے لیے کم و بیش 30 لاکھ اور ماہانہ اخراجات کم و بیش 20 لاکھ ہیں۔ ایک خلیجی **ملک کا** مدرسۃُ المدینہ آن لائن اوکاڑہ میں تعمیر ہو رہا ہے۔

﴿78﴾ رُکنِ شوریٰ و نگرانِ مجلس مدنی اِنعامات محمد فضیل رضا عطاری، بیرونِ ملک میں اپنی مجلس کے ذمہ داران کے **ماہانہ مدنی مشورے** بذریعہ انٹرنیٹ کریں۔

﴿79﴾ اراکینِ شوریٰ، **نفلی روزہ تحریک** کے لیے ملک و بیرونِ **ملک** کوشش کریں۔ جو اسلامی بھائی تیار ہوجائیں ان کی تفصیل رکنِ شوریٰ محمد فُضیل رضا عطاری کو اس ای میل ایڈریس roza@madaniinamat.net پر میل کردیں یا اس نمبر 0312-5921226 پر مطلع فرمائیں۔

﴿80﴾ ملک و بیرونِ ملک، **ہفتہ وار مدنی مذاکرے** کے انتظامات کی ذمہ داری، **مجلس ہفتہ وار اجتماع** کے سپرد کی گئی۔

﴿81﴾ بیرونِ پاکستان جس ملک میں وقت کے مختلف ہونے کا مسئلہ ہو، وہاں مدنی مذاکرے کا لنک بھیج دیں۔ رکنِ شوریٰ محمد بلال رضا عطاری اس کی ترکیب بنائیں۔

﴿82﴾ **فرانس** میں **مدنی تربیت گاہ** بنائی جائے گی۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ

﴿83﴾ مجلس مدنی قافلہ، مختلف ممالک کے مدنی قافلہ ذمہ داران پر مشتمل ایک مجلس بنائے جو پاکستان کے علاوہ دیگر ممالک کے ایک ملک سے **دُوسرے ملک میں سفر کی سمتیں** متعین کرے۔

﴿84﴾ **نگرانِ شوریٰ**، مُحَرَّمُ الْحَرام ۱۴۳۶ھ میں مدنی قافلے کے ہمراہ، **U.K اور یورپ** کے مختلف ممالک کا سفر کریں گے، اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ۔ اراکینِ شوریٰ اپنے اپنے ممالک کے اسلامی بھائیوں کو نگرانِ شوریٰ کے ساتھ سفر کرنے والے مدنی قافلے کا مسافر بنائیں۔

﴿85﴾ پاکستان کی **ہر کابینہ سے ہر 2 ماہ** میں ایک ماہ کا مدنی قافلہ اپنے اخراجات سے بیرونِ ملک سفر کروائیں، بالخصوص مجلسِ تاجران اس کے لیے بھرپور کوشش کرے۔

﴿86﴾ مجلسِ بیرونِ ملک، تمام اراکینِ شوریٰ کا بیرونِ ملک کے لیے کم از کم **63 دن کا جدول** بنا کر میل کرے۔ اس کی ذِمہ داری رکنِ شوریٰ محمد بلال رضا عطاری کو دی گئی۔ **ہدف: 7 دن**

﴿87﴾ رُکنِ شوریٰ، حاجی محمد اسلم عطاری کا بیرونِ ملک کا جدول **جون، جولائی** میں بنایا جائے۔

41 روزہ مدنی تربیت

﴿88﴾ بیرونِ ملک کے تمام نگرانِ کابینہ اور اہم اسلامی بھائیوں کے لیے، **یکم ربیع الاوّل تا ۱۱ ربیع الاخر ۱۴۳۶ھ 41 دن مدنی تربیت** کی ترکیب ہوگی ☆ ان ذمہ داران کو لانے کے تمام انتظامات متعلقہ **اراکینِ شوریٰ** اور **مجلس بیرونِ ملک** کرے گی ☆ آنے والے اسلامی بھائیوں کی **مدنی تربیت نگرانِ شوریٰ** اور **اراکینِ شوریٰ** فرمائیں گے ☆ اس میں 12 دن کا **مدنی قافلہ** شامل ہے ☆ یہ اسلامی بھائی **نگرانِ پاکستان انتظامی کابینہ** کے **مدنی مشوروں** اور مختلف کابینہ میں ہونے والے مدنی کاموں میں بھی شریک ہوں گے ☆ اس تربیت کی اہم خصوصیت یہ ہے کہ یہ اسلامی بھائی **ربیع الاوّل کے 12 اور ربیع الاخر کے 11 مدنی مذاکروں** میں بھی شریک ہوں گے ☆ بیرونِ ملک والوں کی اس تربیت میں متعلقہ نگرانِ کابینہ (اس سے مراد بیرونِ ملک کے نگرانِ کابینہ ہیں) اور رکنِ شوریٰ جس کو چاہیں شامل کرسکتے ہیں۔

اھداف

بیرونِ ملک عطاری	7	بیرونِ ملک رضوی	12	بیرونِ ملک فریدی	12
بیرونِ ملک ہجویری	26	بیرونِ ملک سہروردی	10		

﴿89﴾ مُبلِّغین کے بیرونِ ملک سے واپسی کا عرصہ طے کرنے کے لیے اراکینِ شوریٰ حاجی عبدالحبیب عطاری، حاجی محمد امین عطاری اور حاجی محمد عقیل عطاری المدنی **مجلسِ اِفتاء سے مشورہ** کریں گے۔ **ہدف: 15 دن**

﴿90﴾ **ساؤتھ افریقہ اور U.K** میں مضبوط مدنی مراکز فیضانِ مدینہ بنانے کا طے ہوا، ساؤتھ افریقہ میں اراکینِ شوریٰ محمد رفیع عطاری، حاجی وقار المدینہ عطاری، حاجی محمد عقیل عطاری المدنی اور U.K میں حاجی محمد یعفور رضا عطاری، حاجی محمد امین قافلہ اور محمد فضیل رضا عطاری جا کر اس کی ترکیب بنائیں گے۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہ عزَّوَجَلَّ

مجلس اِزْدِیادِ حُب اور مجلس برائے مرحومینِ دعوتِ اسلامی کا قیام

﴿91﴾ مجلس اِزْدِیادِ حُب (اِز۔دِ۔یاد یعنی زیادہ ہونا) بنائی گئی، جس کی ذمہ داری باب المدینہ میں حاجی غلام شبیر عطاری (ذمہ دارِ مجلسِ نعت خواں، بابُ المدینہ کراچی) کو دی گئی، یہ مجلس ان اسلامی بھائیوں سے رابطہ کرے گی، جو پہلے آتے تھے مگر اب نہیں آتے یا کسی وجہ سے مدنی کاموں میں فعّال نہیں رہے، یہ مجلس ان کے دُکھ سُکھ میں شریک ہونے اور ان کو مدنی کاموں میں فعّال کرنے کی کوشش کرے گی، پاکستان سطح پر **14 رُکنی مجلس** ہوگی۔شوریٰ کی طرف سے ملک و بیرونِ ملک کی اس مجلس کی ذِمہ داری **ابو رجب حاجی محمد شاہد عطاری** (نگرانِ پاکستان انتظامی کابینہ) کے سپرد کی گئی۔

﴿92﴾ تمام اراکینِ شوریٰ **ہر ہفتے 2** ایسے اسلامی بھائیوں سے ملاقات کریں، جو پہلے آتے تھے مگر اب نہیں آتے (یعنی مدنی انعام نمبر 55) اراکینِ شوریٰ اس کی کارکردگی، رکنِ شوریٰ محمد عماد عطاری المدنی کو SMS کریں۔

﴿93﴾ "**مجلس برائے مرحومینِ دعوتِ اسلامی**" بنائی گئی، یہ مجلس بالخصوص ان اسلامی بھائیوں کی معلومات جمع کرے گی، جو مدنی ماحول میں رہتے ہوئے اِنتقال کرگئے ہیں، ان کی **ہر سال برسی** منائی جائے گی، نگرانِ مجلس اِن کی برسی کے دن مجلس کی جانب سے قرآنِ مجید، ذِکر و دُرود و سلام وغیرہ کا ثواب اور امیرِ اہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُھُمُ العالیہ کا مکتوب لے کر ان کے لواحقین کے پاس جائیں گے اور وہاں اِجتماعِ ذکر و نعت کی ترکیب بنائیں گے، مدرسۃُ المدینہ کے ایک قاری صاحب اس مجلس کے رُکن ہوں گے جو ایصالِ ثواب کی ترکیب بنائیں گے، اسی طرح اسلامی بہنوں میں بھی یہ مجلس قائم کی جائے گی، **پاکستان سطح پر 14 رُکنی مجلس** ہوگی۔

مجلسِ رابطہ

﴿94﴾ **4 رُکنی مجلس** بنائی گئی، جو مختلف اداروں، مقامات وغیرہ پر سُنّتوں بھرے اِجتماعات کا اِنعقاد کرے گی، جس میں متعلقہ شعبوں سے تعلق رکھنے والی شخصیات شرکت کریں گی، بعدِ اجتماع ملاقات اور پھر مسلسل رابطے کی ترکیب رہے۔

خصوصی ترکیب

﴾95﴿ درج ذیل اراکینِ شوریٰ، بیانات وٹیلی فونک رابطے وملاقات کے ذریعے سے درج ذیل شعبوں کی **اہم شخصیات** میں بالخصوص مدنی کام کریں گے۔

(۱) **حاجی محمد اظہر عطاری** (سیاسی، سرکاری اور صحافی شخصیات وادارے) (۲) **قاری محمد سلیم عطاری** (تعلیمی وتحقیقی شخصیات وادارے) (۳) **حاجی عبدالحبیب عطاری** (کاروباری وتجارتی شخصیات وادارے)

تَرْبِیَتی اِجْتماعات

﴾96﴿ تمام نگرانِ کابینہ وکابینات اوران کے اراکین نیز اراکینِ شوریٰ کا **فرض علوم اور وقف اَملاک** کے بارے میں **تربیتی اجتماع** ۲۰، ۲۱، ۲۲ مُحرم الحرام ۱۴۳۶ھ مطابق 14،15،16 نومبر 2014ء بروز جمعہ، ہفتہ، اِتوار **عالمی مدنی مرکز** فیضانِ مدینہ، بابُ المدینہ (کراچی) میں ہوگا۔ تمام ذِمہ داران 13 نومبر بروز جمعرات نمازِ عشاء فیضانِ مدینہ میں ادا فرمائیں۔

﴾97﴿ عالمی مدنی مرکز فیضانِ مدینہ بابُ المدینہ (کراچی) میں **ذمہ دار** اسلامی بہنوں کے سال (12ماہ) میں **3 مرتبہ تربیتی اجتماعات** کیے جائیں۔ ان میں حلقے بھی لگائے جائیں، جن میں مُبلّغات تربیت کریں۔

﴾98﴿ اراکینِ شوریٰ، کابینہ کابینہ جاکر **ذیلی مُشاورتوں کے تربیتی اجتماع** کریں۔ اجتماع کی بھرپور تیاری کی جائے اراکینِ شوریٰ اورنگرانِ کابینات اجتماع سے قبل خود ڈویژن مشاورت کے نگرانوں کوفون کرکے تیاری کے بارے میں کارکردگی لیں اور تیاری کا بھرپور ذہن بنائیں، نگرانِ کابینہ، علاقہ علاقہ جاکر ذمہ داران کو دعوت دیں اور ڈویژن مشاورت کے نگران عملی جدول کے ذریعے ذیلی مشاورت تک پہنچ کرتیاری کریں۔ **ہدف: 126 دن**

﴾99﴿ تربیتی اجتماع میں رکنِ شوریٰ بیان کریں، جس میں **اَخلاقی تربیت، نیکی کی دعوت** عام کرنے کا جذبہ بڑھاکر **12 مدنی کاموں** کومضبوط کرنے کاہدف دیں، بیان کی تیاری کے لئے امیر اہلسنّت دامت بَرَکاتُھُم العالیہ کی کتاب ''نیکی کی دعوت'' سے بھرپور استفادہ کریں، جس کابینہ کا اجتماع ہوان کے علاقوں میں مدنی کاموں کی کمزوریوں کی معرفت ضروری ہے تاکہ بیان میں اس کے تدارُک کی کوشش کی جاسکے۔

﴾100﴿ ۲۷ ربیع الآخر تا ۲ جُمَادَی الاُولیٰ ۱۴۳۶ھ، 19 تا 24 فروری 2015ء، **پوکھرا** (نیپال) میں **3 دن کا تربیتی اجتماع** ہوگا، جس میں **ہند اور نیپال** کے ذِمہ داران شرکت کریں گے۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہ عَزَّوَجَلَّ

﴿101﴾ پاکستان بھر کے **جامعاتُ المدینہ** کے **ناظمین** کا **تربیتی اجتماع**، ذُوالْحِجَّةِ الْحَرام ۱۴۳۵ھ میں عالمی مدنی مرکز فیضانِ مدینہ بابُ المدینہ (کراچی) میں ہوگا۔ اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ

﴿102﴾ تمام اراکینِ شوریٰ، وقتاً فوقتاً جامعۃُ المدینہ میں جانے کا جدول بنائیں اور **اساتذہ وطلبہ سے ملاقات و مدنی تربیت** کریں۔ رکنِ شوریٰ حاجی محمد اسد عطاری المدنی، اراکینِ شوریٰ اور نگرانِ کابینات کا جدول بنائیں۔ **ہدف: 15 دن**

﴿103﴾ **مدرسۃُ المدینہ للبنین** کے **تربیتی اجتماعات** منعقد کریں، رکنِ شوریٰ حاجی محمد عقیل عطاری المدنی اس کا جدول بنائیں۔ **ہدف: 15 دن**

﴿104﴾ جامعۃُ المدینہ اور مدرسۃُ المدینہ کے تربیتی اِجتماعات کے اوقات **صبح 8 تا شام 4** بجے ہوں گے۔

﴿105﴾ نگران اسلامی بھائی، ہر مشورے میں مدنی اِنعامات کے ذمہ داران سے کارکردگی لیں، بہتری پر **حوصلہ افزائی** اور کمی پر **بہتری** کا ذہن دیں۔

مجلس مَدَنی کام برائے اسلامی بہنیں

﴿106﴾ وہ اراکینِ شوریٰ جن کے پاس کابینات ہیں، وہ رکنِ شوریٰ ابو ماجد عطاری المدنی کو مُطّلِع کر کے ذمہ دار اسلامی بہنوں کے **کابینات یا کابینہ سطح پر تربیتی اجتماعات** منعقد کریں ان میں باپردہ تربیتی بیانات کی ترکیب ہو، اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ اس سے اسلامی بہنوں کے مدنی کام میں بہتری آئے گی۔ اجتماع کی سطح طے کرتے وقت غور کر لیا جائے کہ اسلامی بہنوں کو شرعی سفر نہ کرنا پڑے، کیونکہ ایسا ہوا تو ان کی تعداد کم ہونے کا اندیشہ ہے۔

﴿107﴾ مجلس مدنی کام برائے اسلامی بہنیں کے کابینہ/ کابینات سطح کے ذمہ دار اسلامی بھائی کو کابینہ/ کابینات سطح کی اسلامی بہن، اپنے محرم کے ذریعے "**ماہانہ کارکردگی**" کے ساتھ "**کارکردگی جدول**" بھی بھیجا کرے تاکہ آگاہی ہو کہ متعلقہ اسلامی بہن، ڈویژن ڈویژن/ کابینہ کابینہ جارہی ہیں یا نہیں؟ البتہ اگر اس ذمہ دار اسلامی بھائی کو کوئی کلام ہو تو وہ فقط پاکستان سطح کے ذمہ دار اسلامی بھائی (مجلس مدنی کام برائے اسلامی بہنیں) کو اطلاع کرے خود پوچھ گچھ نہ کرے۔ پاکستان سطح کے ذمہ دار اسلامی بھائی، عالمی مجلسِ مشاورت کی ذِمہ دار اسلامی بہن کو مُطّلِع کریں۔ وہ تحقیق کر کے تفہیم کی ترکیب بنائیں۔

رَنگ بَرَنگے مَدَنی پُھول

﴿108﴾ کسی بھی مدنی کام کے لیے جب تک پورا **نظام** مُتحرک (Active) اور پُر اثر (Effective) نہیں ہوگا، خاطر خواہ کامیابی نہیں ہوسکتی۔

﴿109﴾ **کامیاب ذِمّہ دار** وہی ہے جسے معلوم ہو کہ ہاتھ کہاں تک بڑھانا ہے، قدم کہاں تک اُٹھانا ہے، آواز کہاں تک پہنچانی ہے اور نظر کہاں تک رکھنی ہے۔

﴿110﴾ عموماً کسی **فیصلے** کے دُرُست یا غلط ہونے کا تعین نتیجہ آنے پر ہوتا ہے۔

﴿111﴾ اپنے اندر **ہمت، صبر اور حوصلہ** پیدا کیجئے اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ کامیابی آپ کے قدم چومے گی۔

﴿112﴾ جامعۃُ المدینہ للبنات میں **مدنی مذاکرے کی وِیڈیو** کی ترکیب بنائی جائے۔

﴿113﴾ 12 روزہ مدنی کورس، امیرِ اہلسنّت حضرتِ علامہ مولانا ابو بلال **محمد الیاس عطّار قادری** رضوی ضیائی دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ کا پسندیدہ کورس ہے۔ فیضانِ امیر اہلسنّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُمُ الْعَالِیَہ حاصل کرنے کا شارٹ کٹ ہے۔

مَدَنی اِلتجاء

اَلْحَمْدُ لِلّٰہ عَزَّوَجَلَّ کئی برسوں سے دعوتِ اسلامی کی مرکزی مجلسِ **شوریٰ** کے مدنی مشورے وقتاً فوقتاً کئی کئی دِنوں تک دعوتِ اسلامی کے **عالمی مدنی مرکز** فیضانِ مدینہ، مَدِیْنَۃُ الْمُرْشِد، **بابُ المدینہ** (کراچی) میں جاری رہتے ہیں، **باہمی مشاورت** سے جو طے ہوتا ہے، اِس کو مختصراً تحریر کرلیا جاتا اور ضرورتاً ترمیم وتخریج کے ساتھ **ذِمّہ دارانِ دعوتِ اسلامی** کی طرف بھیجا جاتا ہے۔ **اِن مدنی پھولوں** سے بھرپور فائدہ اُٹھا کر نہ صرف اپنے مُلکوں، ڈویژنوں، شہروں اور شعبوں میں **نافذ** کریں بلکہ اپنے قیمتی مشوروں سے بھی نوازیں۔ **برائے کرم!** اِن مدنی پھولوں کو **7 دِن** کے اندر اندر **مُتَعلّقہ ذِمّہ داران** تک پہنچا کر تصدیق وتوثیق (Confirmation) لیں اور اپنے **نگران کو بھی مطلع کریں**۔

اللہ تعالیٰ ہم سب کو امیرِ اہلِ سُنّت دَامَتْ بَرَکَاتُہُم العالیہ کی غلامی اور دعوتِ اسلامی پر اِخلاص وعافیّت کیساتھ اِستقامت نصیب فرمائے۔ اٰمین بجاہِ النّبیِّ الْاَمین صلّی اللہ تعالٰی علیہ واٰلہٖ وسلّم

مرکزی مجلسِ شُوریٰ کے آیندہ مدنی مشورے کا جدول اِنْ شَآءَ اللہ عَزَّوَجَلَّ

نمبر شمار	تاریخ ہجری	تاریخ عیسوی	شرکاء
1	۱۸،۱۹ محرم ۱۴۳۶ھ	12,13 نومبر 2014ء	مرکزی مجلسِ شوریٰ

میل کرنے کی تاریخ: ۳ ذُوالْحِجۃ الحرام ۱۴۳۵ھ، 28 ستمبر 2014ء

مجلس کارکردگی فارم و مَدَنی پھول (دعوتِ اسلامی)